لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۲۶	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۹ ذیقعدہ سنہ ۱۳۴۱ھ مطابق ۲۵ جون سنہ ۱۹۲۳ء	جلد ۳۵

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	ہدایات نسبت مستاجران۔	۱ و ۳
۲	استعفا یوسف علی خان کلرک۔	۳
۳	رخصت لفٹنٹ سید مسعود حسن صاحب۔	۳
۴	اضافہ گوران دوا دانش۔	۳
۵	عطاء رینک لفٹنٹ آنجناب صاحبزادہ سید جعفر علی خان بہادر وغیرہ۔	۴
۶	بابت تاکید تحصیل مع خرچ بابت سررشتہ داشت	۴
۷	بحالی دو کس ابجدان و یک سپاہی تخفیف شدہ	۴
۸	توسیع ملازمت سب انسپکٹر پولیس	۴
۹	رخصت نائب تحصیلدار حضور تحصیل	۴
۱۰	نقشہ نرخ غلہ و اجناس	ضمیمہ

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۳ جون سنہ ۱۹۲۳ء

بعض مستاجران (خواہ وہ باشندہ اسی موضع مستاجری کے ہیں یا دوسرے مقامات کے ہیں) اپنے زمانہ مستاجری میں اپنے نام سے یا اپنے ملازمین یا اعزا کے نام سے اپنے موضع مستاجری میں شرح مروجہ موضع سے کم شرح لگان پر اراضیات اپنے کاشت میں کرلی ہیں یا اپنے ملازمین یا اعزا کی کاشت میں دیدے ہیں۔ چونکہ مستاجر کا حق موضع مستاجری میں ختم میعاد بندوبست کے

تی نہیں رہتا۔ لہذا آراضیات مذکورہ پر اُنکو قابض رہنے کا بھی حق اصولاً نہیں ہے اور اسیطرح حسب احکام دستور ششم دستور جاریہ مستاجر کو معافی لگان پر آراضی دینے کا حق نہیں ہے۔ اسیطرح رعایتی شرح لگان پر خود کاشت آراضی لیکر اپنے اعزا اور اپنے ملازمین کو دیدینے کا اصولاً حق نہیں ہے۔ مستاجران کا یہ عمل اخفاے لگان کی ایک صورت ہے اور اسکو جائز رکھنے مین سرکار ریاستی کا نقصان ہے۔ چونکہ اس ناجائز طرز عمل کا انسداد ضروری ہے۔ لہذا حسب ذیل احکام نافذ کئے جاتے ہین۔

دفعہ (۱) جو آراضی کسی مستاجر نے اپنی میعاد مستاجری کے اندر کسیوقت اپنی کاشت مین لے لی ہو اُس آراضی سے وہ مستاجر ختم میعاد مستاجری پر بیدخل متصور ہوگا۔

دفعہ ۲۔ جو آراضی عام شرح مروجہ موضع سے کم شرح لگان پر کسی عزیز یا ملازم مستاجر کے قبضہ مین ہوگی اور آراضی مذکورہ اُسی مستاجر کی میعاد مستاجری مین حاصل کی گئی ہوگی جبکا شخص قابض عزیز یا ملازم ہے تو بعد ختم ٹھیکہ مستاجر مذکور۔

الف۔ اگر وہ شخص قابض (یعنی عزیز یا ملازم مستاجر) کاشتکاری پیشہ ہے اور اُسی موضع کا یا اُس موضع کے قرب و جوار کے موضع کا باشندہ ہے اور آراضی مذکورہ خود اُسکی کاشت مین ہے تو آراضی مذکورہ کی شرح لگان وہی متصور ہوگی جو بوقت ختم ٹھیکہ عام شرح دیگر آراضیات موضع کے ہوگی اور اُسپر باضابطہ اضافہ بھی مثل دیگر آراضیات کے ہوسکیگا۔

ب۔ ورنہ وہ شخص قابض (یعنی عزیز یا ملازم مستاجر) اُس آراضی سے بیدخل متصور ہوگا

دفعہ ۳۔ جو آراضی مقبوضہ مستاجر سابق یا عزیز یا ملازم مستاجر سابق منجانب قابض کاشتکار ذیلی کی کاشت مین ہوگی اُس آراضی کا جو لگان کاشتکار ذیلی ادا کرتا ہوگا وہی لگان اصلی لگان اُس آراضی کا متصور ہوگا۔ اور وہ ذیلی کاشتکار مستاجر جدید کا اصلی کاشتکار سمجھا جائیگا۔ اور اُس آراضی پر باضابطہ اضافہ ہوسکیگا۔

دفعہ ۴ (۱) مستاجر جدید کی درخواست پیش ہونے پر یا کسی دیگر ذریعہ سے اگر صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کو معلوم ہوگا کہ کوئی آراضی مستاجر سابق کے قبضہ مین ہے یا مستاجر سابق کے کسی عزیز یا ملازم کے قبضہ مین ہے اور اُس آراضی سے احکام دفعات (۱) یا (۲) روبکار ہذا متعلق ہین تو صاحب ریونیو سکریٹری بہادر بعد حصول اطمینان ضروری حسب ذیل تجویز کرینگے۔

الف۔ جو آراضی مستاجر سابق کے قبضہ مین خلاف احکام روبکار ہذا ہے یا کسی عزیز یا ملازم مستاجر مذکور کے قبضہ مین خلاف احکام دفعہ ۲ حرف (ب) روبکار ہذا ہے اُس سے مستاجر مذکور یا اُسکے عزیز یا ملازم کی بیدخلی کا حکم صادر کرینگے۔

(ب) جو آراضی مستاجر سابق کے کسی عزیز یا ملازم کے قبضہ مین ہے اور اُس سے دفعہ (۲) حرف (الف) روبکار ہذا متعلق ہے تو حسب دفعہ (۲) حرف (الف) مذکور آئیندہ لگان مین اُس قدر بیشی کردینگے جسقدر باعتبار عام شرح دیگر آراضیات کی کمی ہوگی۔

(۲) نفاذ اس تجویز کا اُس سال کی یکم جولائی سے ہوگا جس سال مین مستاجر جدید کی درخواست پیش ہوئی ہو یا دیگر ذریعہ سے صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کو اطلاع ہوئی ہو۔

دفعہ ۵۔ بعد تجویز حسب دفعہ ماسبق اگر معلوم ہو کہ۔

(۱) مستاجر سابق نے اپنی مقبوضہ آراضی مین فصل کی کاشت کرلی ہو تو مستاجر سابق تا اختتام اُس فصل کے اُس آراضی پر قبضہ رکھنے کا مستحق ہوگا اور اُس آراضی کی بابت اُس شرح سے لگان ادا کرنیکا ذمہ دار ہوگا جو دیگر آراضیات کی عام شرح لگان اس موضع مین ہوگی اور جو صاحب ریونیو سکریٹری بہادر معین فرمادینگے۔

(۲) یا مستاجر سابق کے کسی عزیز یا ملازم نے اپنی مقبوضہ آراضی مین فصل کی کاشت کرلی ہو اور شخص قابض آراضی اُس آراضی کو لگان مجوزہ حسب دفعہ ۴ پر اپنی کاشت مین رکھنا نہ چاہے تو قابض آراضی کو تا اختتام اُس فصل کے اُس آراضی پر قبضہ رکھنے کا حق ہوگا لیکن اُس فصل کی بابت اُس آراضی کا لگان اُس شرح سے ادا کرنیکا ذمہ دار ہوگا۔ جو حسب دفعہ ۴ تجویز کردیا گیا ہے۔

دفعہ ۶۔ باوصف احکام دفعہ ۵ ماسبق مستاجر جدید کو استحقاق حاصل

ہوگا کہ بعد تجویز حسب دفعہ ۴ اُس فصل کو جس سے احکام دفعہ ۵ ماسبق متعلق ہین خرید لے اور اس صورت مین احکام دفعات ۶۰ و ۶۲ لغایت ۶۶ دستور جاریہ اُس خریداری سے متعلق ہونگے اور بعد خریداری مذکور شخص قابض خوداً بیدخل ہوجائیگا۔

دفعہ ۷۔ جو آراضی حسب احکام روبکار ہذا بیدخل کیجائیگی یا جسکے لگان مین بیشی کیجائیگی اُسکی نسبت حسب ذیل عمل کیا جائیگا

الف۔ اگر کارروائی بیدخلی و بیشی لگان بربنائے درخواست مستاجر جدید ہوگی تو کل لگان آراضی بیدخل شدہ یا لگان بیشی شدہ مستاجر جدید پانیکا مستحق ہوگا بشرطیکہ مستاجر جدید نے اپنی میعاد ٹھیکہ شروع ہونے سے ایک سال کے اندر درخواست پیش کی ہو۔

(ب) اگر کارروائی بیدخلی و بیشی لگان بربنائے درخواست مستاجر ہوگی لیکن درخواست مذکور بعد ایک سال کے پیش کیجائیگی تو نصف لگان آراضی بیدخل شدہ یا نصف لگان بیشی شدہ مستاجر جدید پانیکا مستحق ہوگا اور نصف حق سرکار ہوگا۔

دفعہ (۸) حسب دفعہ ماسبق۔

(۱) جسقدر لگان آراضی بیدخل شدہ و لگان بیشی شدہ کا مستحق مستاجر جدید قرار پائیگا اُسکی بابت مستاجر جدید کو نذرانہ ادا کرنا ہوگا جسکی تعداد یکسالہ رقم لگان یا فتنی مستاجر کا نصف ہوگی اور

(۲) جسقدر لگان مذکور حق سرکار قرار پائیگا اُسکی بابت مستاجر جدید سے مثل رقم کسر جمع کے اقرارنامہ حاصل کیا جائیگا۔

دفعہ ۹۔ صاحب ریوینیو سکریٹری بہادر کو اختیار ہوگا کہ حسب روبکار ہذا جو اختیارات اُنکو تفویض ہوئی ہین اُنمین سے کل یا بعض کسی اپنے ماتحت عہدہ دار کو عام طور پر یا بعض خاص معاملات کے تصفیہ کے لئے تفویض کر دین اور ایسی صورت مین اُس عہدہ دار ماتحت کے فیصلہ کی نگرانی صاحب ریوینیو سکریٹری بہادر کے اجلاس مین ہوسکیگی۔

دفعہ ۱۰۔ واسطے اغراض روبکار ہذا۔ لفظ "مستاجر" کے وہی معنی ہین جو دستور جاریہ کے دفعہ ۶ مین مذکور ہین اور لفظ "مستاجر" مین ہر ایک شخص شامل ہے جو بجانب مستاجر کارکن ہو۔

جو موضع ایک ہی خاندان کے اشخاص کے پاس چند میعاد ٹھیکہ تک رہا ہو وہ ایک ہی مستاجر کی مستاجری متصور ہوگی۔ مثلاً زید ایک گانون کا مستاجر تھا زید کے بعد عمرو زید کے بیٹے یا بھائی نے اُسی گانوں کو ٹھیکہ مین لے لیا اُسکے بعد عمرو کے بیٹے بکر نے ٹھیکہ لے لیا تو سمجھا جائیگا کہ یہ تینون میعادہائے ٹھیکہ ایک ہی مستاجر کی مستاجری کے ہین۔ اُس رقم لگان مین جو آراضی مقبوضہ مستاجر سابق یا مقبوضہ عزیز یا ملازم مستاجر سابق کی بابت اشخاص مذکورہ کے نام پر کاغذات پٹواری مین درج ہو اور اُس رقم لگان جو انہی آراضی کی بابت کاشتکار ذیل کے نام درج ہو جو فرق ہوگا وہ لگان بیشی شدہ سمجھا جائیگا۔

دفعہ ۱۱۔ روبکار ہذا کی تاریخ نفاذ سے قبل تر۔ جو آراضی خلاف احکام روبکار ہذا کسی شخص کے قبضہ مین ہوگی اُس سے بھی احکام روبکار ہذا متعلق ہونگے۔

لہذا حکم ہوا کہ

احکام سررشتہ صدر سے حسب ضابطہ جاری ہون۔

مخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۱۳ جون سنہ ۱۹۲۳ء

حسب رسند مایر کرنل صاحب بہادر کمانڈنٹ افواج مورخہ ۲۴ اپریل سنہ ۱۹۲۲ء یوسف علی خان کلرک کی موجودہ تنخواہ مین پانچروپیہ ماہوار تا تاریخ امروزہ سے منظور فرمایا گیا۔

رخصت

۱۷ جون سنہ ۱۹۲۳ء

حسب رپورٹ صاحب ملٹری سکریٹری بہادر۔ رخصت یکماہ لفٹنٹ سید مسعود حسن صاحب ای۔ ڈی۔ سی۔ کی بوجہ علالت منظور فرمائی گئی۔

اضافہ

۱۷ جون ۱۹۲۳ء

حسب رپورٹ اسسٹنٹ میر منشی صاحب دارالانشا ۔ بانکے بہاری لال محرر دارالانشا مشاہرہ دار تیئیس ۲۳ روپیہ ماہوار کی تنخواہ مین پانچ ۵ روپیہ ماہوار اور نول بہاری لال محرر دارالانشا تنخواہ دار چودہ ۱۴ روپیہ ماہوار کی تنخواہ مین چار ۴ روپیہ ماہوار اضافہ منظور فرمایا گیا ۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم واقع ۱۸ جون ۱۹۲۳ء

مابدولت واقبال کو منظور ہے کہ برخوردار صاحبزادہ سید جعفر علی خان بہادر فوج کے کام سے واقفیت حاصل کرین ۔ لہذا انکو لفٹننٹ کا رینک دیا جاتا ہے زمرہ ہائے سواران اور پلٹن مین کام سیکھین ۔

حکم ہوا کہ

سررشتۂ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہون ۔ اور روبکار ہذا کی ایک نقل مسٹر کلیفرڈ ٹیوٹر کے پاس بھیجدی جائے ۔

روبکار اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر واقع ۱۶ جون ۱۹۲۳ء

اکثر ملاحظہ ہوا کہ صیغہ جات ماتحت سے جمع خرچ ماہ مرتب ہوکر بغرض کارروائی مجرائی اجلاس ہذا مین دو ۲ دو ۲ تین ۳ تین ۳ مہینے کے بعد آتے ہین ۔ جسکی وجہ سے بیباقی زر نزدات وغیرہ دیر سے ہوتی ہے ۔ اسلئے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ آیندہ جس مہینے کے حساب ہون اُس سے مابعد مہینے کی پندرہ تاریخ تک جمع خرچ ماہ مرتب ہوکر بغرض کارروائی مجرائی صیغہ جات ماتحت سے اجلاس ہذا مین آجایا کرین تاکہ صفائی حساب نزدات وغیرہ دو ماہ مین ہوجایا کرے

لہذا حکم ہوا کہ

باجراء احکام جملہ افسر صاحبان صیغہ جات ماتحت کو اطلاع دیجائے کہ حسب حکم ہذا تعمیل کیجائے ۔ اور ایک نقل روبکار ہذا برائے اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے اور ایک نقل فائل بک اجلاس ہذا مین جسپان کیجائے ۔

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

بحالی

۱۷ جون ۱۹۲۳ء

حسب منظوری اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم ۔ حافظ ... الہدا پیل مشاہرہ دار پچیس ۲۵ روپیہ و عبدالواحد خان اہلمد متفرقات تنخواہ دار پچیس ۲۵ روپیہ دیگر کس سپاہی تنخواہ یاب ۷ جو تخفیف شدہ منجملہ عملۂ نظامت بوجہ کثرت کار دفتر حاکم صاحب صدر مین بحال کرکے متعین کئے گئے ۔

توسیع مدت

حسب تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس ۔ احمد حسین علی بیگ سب انسپکٹر افسر دوم تھانہ ... ختم میعاد ملازمت سے چھ ماہ کی توسیع منظور ہوی ۔

رخصت

۲۱ جون ۱۹۲۳ء

حسب منظوری اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم ۔ مزید رخصت دو ماہ صاحبزادہ سید شرافت یار خان بہادر نائب تحصیلدار حضور تحصیل بوجہ علالت اہلیہ منظور کی گئی ۔

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۱۸ لغایۃ ۲۴ جون سنہ ۱۹۲۳ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم		۷۰ ار	۸ ار	۷۰ ار		۸ ار	
نخود خالص		۱۳ ار	۱۵ ار	۱۴ ار		۱۴ ار	
نخود کسہ آمیز		۱۶ ار	۱۵ ار	۱۷ ار		۱۶ ار	
کسہ		۱۷۰ ار	۲۰ ار	۱۸ ار		۱۷ ار	
ماش		۷۰ ار	۷ ار	۷ ار		۸ ار	
مونگ		۰	۱۰ ار	۰		۸ ار	
مکا		۰	۰	۰		۰	
جئی		۱۲ ار	۲۰ ار	۲۲۰ ار		۲۰ ار	
گوجئی		۰	۰	۰		۱۳ ار	
عدس		۰	۱۳ ار	۱۴ ار		۱۳ ار	
ارہر		۱۵ ار	۹ ار	۰		۱۳ ار	
برنج		۴ ار	۴ ار	۴۰ ار		۴ ار	
روغن زرد		-۶ر ار	-۶رر ار	-۶ار ار		۷ ررر ار	
روغن سیاہ		۱ ار	۲ ار	۱۶ ار		۱ رر ار	
روغن کنجد		۱ ار	۰	۲ ار		۱ ار	
نمک سانبھر		۷ ار	۸ ار	۷۰ ار		۷ ار	
نمک لاہوری		۶ ار	۶ ار	۵ ار		۷ ار	
قند سیاہ		۴ ار	۴ ار	۴۰ ار		۴۰ ار	
باجرہ		۰	۰	۰		۰	